معلومات برائے مریض، رشتہ داران و نگہداران بابت

# انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول

[Information for Patients, Relatives and Carers on the Prevention and Control of Infection]

مریضوں، ملاقاتیوں اور عملہ کے لئے انفیکشن کے خطرہ کو کم کرنا NHS گریٹر گلیسگو اینڈ کلائڈ (NHSGGC) کی اولین ترجیح ہے۔ یہ کتابچہ آپ کو بتاتا ہے کہ ہم اس بارے میں کیا کر رہے ہیں اور آپ کس طرح مدد کر سکتے/سکتی ہیں۔

## پریشانی کیا ہے؟

صحت نگہداشت حاصل کرتے وقت کسی مریض کو ہونے والے انفیکشن کو ہیلتھ کیئر ایسوسی ایٹیڈ انفیکشن [صحت نگہداشت سے جڑا ہوا انفیکشن (HAI)] کہا جاتا ہے۔

مریضوں کی بڑی اکثریت کو HAI کبھی نہیں ہوگا لیکن خطرہ کو پورے طور پر ختم کرنا ناممکن ہے۔ ہر کارروائی میں انفیکشن کا تھوڑا خطرہ ہوتا ہے۔ ایسا اس لئے ہے کیوں کہ بہت سی کارروائیوں میں، خاص طور پر عمل جراحی کے دوران، کھال ادھڑے گی یا انفیکشن کے خلاف جسم کی دیگر فطری مدافعتیں کم ہوں گی۔

اگر کوئی پہلے ہی سے کسی سنگین عارضہ (مثال کے طور پر ذیابیطس، گردہ کی ناکامی یا کسی دیگر طویل مدتی بیماری) میں مبتلا ہے یا کسی وجہ سے ان کا نظام مامونیت صحیح طریقہ سے کام نہیں کر رہا ہے تو ان کے لئے ممکنہ انفیکشن کا خطرہ زیادہ ہوگا۔

تمام HAIs کو کوئی بھی نہیں روک سکتا لیکن ایسے متعدد طریقے ہیں جن کے ذریعہ ہم انفیکشن کے خطرہ کو کم کر سکتے ہیں۔

## آپ یا آپ کے رشتہ دار کے لئے انفیکشن ہونے کے خطرہ کو کم کرنے کے لئے NHSGGC کیا کر رہا ہے؟

### انفیکشن کی روک تھام کی ٹیمیں

صحت نگہداشت کی ہر سہولت میں انفیکشن کی روک تھام کی ایک ٹیم ہوتی ہے۔ ان کا کام یہ یقینی بنانا ہوتا ہے کہ نظام قائم رہیں اور HAI کے خطرہ کو کم کرنے کے لئے معیاروں کی تکمیل کی جارہی ہے۔ وہ اسے درج ذیل کے ذریعہ انجام دیتے ہیں:

- مشغلہ کی اچھی مثالیں عملہ کے ساتھ بانٹنا
- صفائی کے لئے وارڈ اور شعبہ جات کا جائزہ لینا
- ضابطوں، نظاموں اور معیاروں کے بارے میں عملہ کو معلومات بہم پہنچانا
- انفیکشن کے معاملات کی تعداد پر نظر رکھنا
- حکومت کی موجودہ پالیسیوں اور ترجیحات کو نمایاں کرنے کے لئے پروگرام تیار کرنا۔

اگر آپ کو HAI کے بارے میں کوئی تشویش ہے تو آپ انفیکشن کی روک تھام کی مقامی ٹیم کے کسی فرد سے بات کر سکتے/سکتی ہیں۔

NHSGGC کی بورڈ انفیکشن کنٹرول کمیٹی انفیکشن کی روک تھام کی مقامی ٹیموں کے کام کا نظم کرتی ہے۔

### تمام عملہ

عملہ کے تمام افراد HAI کی روک تھام اور کنٹرول کے تئیں عہد بند ہیں۔ اس چیز کو یقینی بنانے کے لئے وہ انفیکشن کی روک تھام کی مقامی ٹیموں کے ساتھ مربوط ہو کر کام کرتے ہیں کہ انفیکشن کے خطرہ کو کم کرنے کے لئے تمام دستیاب ذرائع مؤثر طریقہ سے استعمال کئے جائیں۔

### نئے عملہ کو معلومات فراہم کرنا
نیا عملہ ایک تعارفی پروگرام میں شرکت کرتا ہے جو ان تمام کلیدی عناصر پر زور دیتا ہے جو انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول کے ضمن میں اہم ہیں، مثال کے طور پر ہاتھ کا حفظان صحت۔

### ہاتھ کا حفظان صحت
ہم کسی وارڈ میں داخل ہونے اور اس سے رخصت ہونے کے وقت اپنے ہاتھ دھونے کے لئے ملاقاتیوں اور عملہ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ عملہ کے لئے پانچ کلیدی اوقات میں ہاتھ کے حفظان صحت کی کارروائیاں انجام دینا لازمی ہے:
- کسی مریض کو چھونے سے پہلے
- کسی کارروائی سے پہلے
- اگر وہ خون یا جسم کے سیال مادوں کو چھوتے ہیں
- جب وہ کسی مریض کے پاس سے رخصت ہوتے ہیں
- کسی مریض کے ماحول کے ربط میں آنے کے بعد۔

ہاتھ کے حفظان صحت سے متعلق ایک قومی مہم چل رہی ہے اور NHSGGC اکثر ہاتھ کے حفظان صحت کی جانچ پڑتال کرتی رہتی ہے۔

### صفائی سے متعلقہ خدمات
صفائی سے متعلقہ خدمات کے منیجر، انفیکشن کی روک تھام کی ٹیمیں اور عام افراد صفائی سے متعلقہ ہمارے معیاروں کی برابر نظر ثانی کرتے ہیں۔ NHSGGC نے نیشنل کلیننگ سروسیز مانیٹرنگ فریم ورک نافذ کیا ہے۔

### صفائی کے چیمپیئن
عملہ کی ایک بڑی تعداد نے صفائی کے چیمپیئن بننے کے لئے ایک تربیتی پروگرام میں شرکت کیا ہے۔ یہ تربیتی پروگرام انہیں انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول کے اعمال کی جانکاری فراہم کرتا ہے۔ انفیکشن کی روک تھام کی مقامی ٹیمیں عملہ کے ان افراد کا تعاون کرتی ہیں جو اس پروگرام میں شرکت کرتے ہیں۔

### تعلیم
ہمارے پاس، واجبی کورسیز سمیت، عملہ کی تعلیم کے متعدد پروگرام ہیں۔ یہ انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول کی مہارتوں کو بڑھانے میں عملہ کی مدد کرتے ہیں۔ ہم آن لائن تربیت بھی فراہم کرتے ہیں جو NHSGGC میں عملہ کے تمام افراد کے لئے دستیاب ہے۔

## انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول

### پالیسیاں
NHSGGC کے پاس ایک ہدایت نامہ ہے جو انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول کے ضمن میں تازہ ترین اور ثابت شدہ بہترین عمل کو بیان کرتا ہے۔ یہ صحت نگہداشت کے تمام عملہ کے لئے دستیاب ہے۔

### ہمارا وعدہ
NHS کے عملہ کے افراد آپ کی سلامتی کے لئے وقف ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ انفیکشن کی روک تھام اور کنٹرول ان کی ذمہ داری ہے۔

صحت نگہداشت کی عمارتوں میں آپ صاف ستھرے وارڈ یا شعبہ جات اور عملہ کے افراد کو برابر ہاتھ کے حفظان صحت انجام دیتے ہوئے دیکھنے کی توقع کر سکتے/سکتی ہیں۔

### آپ کیا کر سکتے/سکتی ہیں؟
اگر صحت نگہداشت کے کسی مقام میں آپ کسی سے ملاقات کرنے کا ارادہ رکھتے/رکھتی ہیں اور آپ یا گھر کے کسی اور فرد کو زکام ہے یا بیمار محسوس کرتے/کرتی ہیں (خاص طور پر اگر یہ اسہال ہو) تو دور رہیں یہاں تک کہ آپ ٹھیک ہو جائیں۔

ملاقات کے لئے آنے کے وقت، دھیان رکھیں کہ آپ کیا کرتے/کرتی ہیں – بستر پر نہ بیٹھیں اور کسی بھی ایک وقت میں ملاقاتیوں کی تعداد کم سے کم رکھیں۔

ایک ملاقاتی کی حیثیت سے، سب سے اہم کام جو آپ کر سکتے/سکتی ہیں وہ یہ یقینی بنانا ہے کہ وارڈ میں جانے سے پہلے آپ کے ہاتھ صاف رہیں۔ ہاتھ کی صفائی کی وہ الکحل کی جیلی استعمال کریں جو وارڈ یا بستر کے بغل میں فراہم کی جاتی ہے۔

پٹیاں، ڈرپ یا بستر کے پاس کے دیگر آلات کبھی نہ چھوئیں۔

اگر آپ کو کوئی تشویش ہے تو اسے عملہ کے سامنے لانے سے کبھی نہ ڈریں۔

ہماری طبی جگہوں میں ملاقاتیوں کے ساتھ رہنما کتے آسکتے ہیں لیکن کسی اور جانور کی اجازت نہیں دی جائے گی سوائے اس کے کہ انفیکشن کی روک تھام کی مقامی ٹیم کی طرف سے اجازت دی گئی ہو۔

آپ کی مدد کے لئے شکریہ۔

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

ہیلتھ پروٹیکشن اسکاٹ لینڈ
www.hps.scot.nhs.uk

دی ہیلتھ پروٹیکشن ایجنسی
www.hpa.org.uk

NHS انفارم
www.nhsinform.co.uk

NHS گریٹر گلیسگو اینڈ کلائڈ
www.nhsggc.org.uk/infectioncontrol

آپ انفیکشن کی روک تھام سے متعلقہ مقامی ٹیم سے رابطہ کرتے ہوئے صلاح لے سکتے/سکتی ہیں۔ درج ذیل ویب سائٹ سے دیگر زبانوں اور بڑے حروف والے ورژن میں کتابچے دستیاب ہیں:
www.nhsggc.org.uk/infectioncontrol

NHS گریٹر گلیسگو اینڈ کلائڈ
سینئر انفیکشن کنٹرول مینجمنٹ ٹیم:
0141 211 2526